# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اردو)

کورس: روزمرہ اردو (204) سمسٹر: خزاں 2012ء

سطح: میٹرک

# بستہ برائے طلبہ

عزیز طلبہ و طالبات!......السلام علیکم۔

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو مندرجہ ذیل درسی مواد بھیجا جا رہا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| 1- | رہنمائے طلبہ | 1عدد |
| 2- | کتابیں (درسی کتب) | 1عدد (1 تا 12 یونٹ) |
| 3- | امتحانی مشقیں | 4عدد |
| 4- | فارم برائے امتحانی مشق | 4عدد |
| 5- | اوقات نامہ | مشقی کام، تعلیمی اجتماعات |

نوٹ: بستہ میں متذکرہ بالا کوئی چیز موجود نہ ہو تو اس کی اطلاع شعبہ مراسلاتی خدمات علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کو دیں تاکہ اس کمی کو پورا کیا جا سکے۔

# علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

(شعبۂ اُردو)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

-1 **اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

-2 **کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

### امتحانی مشق نمبر1

کورس: اُردو کوڈ:204 — سمسٹر خزاں2012ء

سطح: میٹرک — کل نمبر100

سوال نمبر1: سبق ''یومِ آزادی'' کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے۔ (20)

سوال نمبر2: (الف) مندرجہ ذیل الفاظ کو اپنے جملوں میں اس طرح استعمال کیجیے کہ ان کا مفہوم واضح ہو جائے۔ (10)

منشا۔جدوجہد۔توحید۔مساوات۔اخوت۔تعلیمات۔ام الخبائث۔قیادت۔اقلیت۔جمہوریت

(ب) مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجیے۔ (10)

i۔ حضورؐ کا مکان کیسا تھا؟

ii۔ آپؐ کے رشتہ داروں میں بچپن سے جوانی تک کون آپؐ کی خدمت میں رہا؟

iii۔ حضورﷺ کی نماز کا منشا کیا تھا؟

iv۔ محمد بن قاسم کس صدی میں سندھ آئے؟

v۔ ہندوستان میں اسلامی تعلیمات کن لوگوں نے پھیلائیں؟

vi۔ مسلمانوں کے لیے انگریزی تعلیم کو کس نے ضروری قرار دیا ؟

vii۔ انگریز اپنے ساتھ کون سا نظام لے کر آئے؟

viii۔ حضرت ابنِ عباس کون تھے؟

ix۔ مسلم لیگ کب قائم ہوئی؟

x۔ آل انڈیا کانگریس کی بنیاد کب پڑی؟

سوال نمبر 3۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیجیے جو چار سطروں سے کم نہ ہوں۔ (20)

1۔ سر سید احمد خان کون تھے؟
2۔ مجدد الف ثانی نے کیا جہاد کیا؟
3۔ غزوہ سے کیا مراد ہے؟
4۔ ''دینِ الٰہی'' سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 4۔ (الف) مندرجہ ذیل الفاظ پر اعراب لگایئے۔ (10)

تعلیمات ۔آسائش۔ منصب ۔ جفاکش ۔سرعت ۔پاداش ۔مرغوب ۔ متعین ۔مقولہ۔ مہلک۔

(ب) دانتوں کی صفائی اور حفاظت پر جامع نوٹ لکھیے ۔ (10)

سوال نمبر 5۔ حضورؐ کے اخلاقِ حسنہ پر مفصل مضمون لکھیے ۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 2

کل نمبر 100

سوال نمبر 1: (الف) ورزش کے فوائد بیان کریں۔ (10)

(ب) جلد کو صاف رکھنے کا کیا طریقہ ہے؟ (10)

سوال نمبر 2: دو دوستوں کے درمیان تعلیمی دشواریوں پر مکالمہ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔ (20)

حُسنِ اتفاق ۔آغاز ۔دام ۔مقدار ۔رعایت ۔مانوس ۔منہا ۔لعنت ۔وبا ۔قربت ۔تخیل ۔ذخیرہ۔

ناسازگار ۔خود نمائی ۔نشست ۔لعنت ۔عوض ۔کشم ۔ چٹکنگ ۔یور۔

سوال نمبر 4: مندرجہ ذیل سوالوں کے مختصر جواب دیں۔ (20)

i۔ ٹیلی فون کرتے وقت پہلا کون سا لفظ بولا جاتا ہے؟
ii۔ کیا زینت کو پہلی ہی مرتبہ صحیح فون نمبر مل گیا؟
iii۔ غلط نمبر ملنے پر زینت نے کیا کیا؟
iv۔ زینت کس سے بات کرنا چاہتی تھی؟
v۔ عالیہ نے بازار چلنے کے لیے کیا پوچھا؟
vi۔ زینت نے گھر آنے کے لیے کیا وقت بتایا؟
vii۔ دکان دار نے کپڑا دکھاتے وقت کیا کہا؟
viii۔ ہما نے کتنے میٹر کپڑا خریدا؟

ix- حمیدہ کو کس رنگ کے جوتے خریدنے تھے؟

x- جوتوں کی کیا قیمت تھی؟

سوال نمبر 5: قلی سے ہونے والی مسافر کی گفتگو تحریر کریں۔ (20)

## امتحانی مشق نمبر 3

کل نمبر 100

سوال نمبر 1: (الف) خط سے کیا مراد ہے؟ خط کے اجزائے ترکیبی پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔ (10)

(ب) مندرجہ ذیل لفظوں کے معنی لکھیے۔ (10)

خاشاک۔ممنون۔کوائف۔تقرر۔تجدیدی۔ارسال۔اسناد۔آثار۔فرمائش۔حادثات

سوال نمبر 2: والدہ صاحبہ کے نام خط لکھیے جس میں انھیں اپنے کامیاب ہونے کی اطلاع دیجیے۔ (20)

سوال نمبر 3: افسر صحت کے نام محلے کی صفائی کے لیے ایک درخواست لکھیے۔ (20)

سوال نمبر 4: دعوت نامے اور خط میں کیا فرق ہے؟ سالگرہ کی ایک تقریب میں شرکت کا دعوت نامہ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر 5: واحد کی جمع اور جمع کے واحد لکھیے۔ (20)

القاب۔ادب۔آثار۔تقریب۔خط۔خدمات۔جذبات۔مشکل۔حادثہ۔سند۔حالت۔

گزارش۔مضمون۔اشتہارات۔نشان۔علامات۔ضرورت۔لفظ۔مصروفیات۔خیال۔

## مشق نمبر 4

کل نمبر 100

سوال نمبر 1: ڈراما ''اماں جان'' کا خلاصہ اپنے لفظوں میں بیان کریں (20)

سوال نمبر 2: کورس میں شامل پشتو کی لوک کہانی کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل الفاظ کے معنی لکھیں۔ (20)

بوسیدہ۔نیم دراز۔نحیف۔اثنا۔عاقبت۔مستند۔کسر نکالنا۔بکھیڑا۔سبوا۔ٹھٹک جانا۔

عطار۔مہلک۔مطیع۔اوہام۔اہل حرفہ۔لالی۔ایام۔لوٹی۔مفلسی۔ساربان۔

سوال نمبر 4: پاکستان میں شادی کی مندرجہ ذیل رسموں کے متعلق مفصل نوٹ لکھیں۔ (20)

1- نسبت ٹھہرانا 2- ساچق 3- مہندی

4- رخصتی 5- برات

سوال نمبر 5: نظم ''پرندے کی فریاد'' کا خلاصہ لکھیں۔ (20)